(۲) برنامج یعلم الاطفال تلاوۃ وتفسیر معانی کلمات الجزء ۳۰

(۳) تعلیم احکام التجوید، تحفیظ

(۴) البیان (تجوید ثلاثین جزء)

(۵) مشاہیر القراء

(۶) مکتبۃ القرآن الکریم

(۳) ترجمہ وتفاسیر

قرآن حکیم کے تراجم وتفاسیر پر متعدد سافٹ وئیر تیار ہوئے ہیں۔ ایرانی، مصری، سعودی اور پاکستانی سافٹ وئیر کمپنیوں نے دنیا کی مختلف زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم کے سافٹ وئیر تیار کیے ہیں۔ مثلاً ایرانی اداروں کے قرآن وعلوم القرآن پر تیار کردہ سافٹ وئیر کے نام یہ ہیں۔ (۱) تبیان نمبر ۱ (۲) تبیان نمبر ۲ (۳) سلسبیل (۴) تنزیل (۵) قرآن کی موضوعاتی فہرست تبیان نمبر ۳ (۶) تبیان (انگلش) (۷) علیم (۸) قدر (۹) نور (۱۰) کوثر۔ ان سافٹ وئیر ز میں فارسی، انگریزی، فرانسیسی اور دیگر زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم کے علاوہ فارسی زبان میں لکھی گئی تفاسیر بھی شامل ہیں۔ تراجم وتفاسیر پر مشتمل چند سافٹ وئیر درج ذیل ہیں۔

(۱) القرآن الکریم، تلاوۃ قرآن مجید اور آٹھ زبانوں (عربی، فارسی، ترکی، انگریزی، مالیزی، فرانسیسی، اسپانی، اردو) میں ترجمہ۔

(۲) تلاوۃ وترجمہ قرآن حکیم: ۱۷ زبانوں میں قرآن مجید کی ریکارڈنگ، یہ سافٹ وئیر انٹرنیٹ پر دستیاب ہے۔

(۳) تلاوۃ وترجمہ قرآن حکیم: اردو زبان کے مشہور تراجم وتفاسیر، مثلاً بیان القرآن، کنز الایمان، تفہیم القرآن وغیرہ سی۔ ڈی پر مل جاتے ہیں۔

(۴) تلاوۃ وترجمہ قرآن مجید: عبداللہ یوسف علی، پکتھال، مولانا عبدالماجد دریا آبادی وغیرہ کے انگریزی تراجم قرآن مجید سی، ڈی پر دستیاب ہیں۔

(۵) تفاسیر:

عربی، اردو، فارسی، اور کئی دیگر زبانوں میں تفاسیر قرآن حکیم کے سافٹ ویئر بھی دستیاب ہیں۔ تفسیر ابن کثیر، تفسیر قرطبی، تفسیر جلالین، بیان القرآن اور تفہیم القرآن سی۔ڈی پر مل جاتے ہیں۔

(۶) علوم القرآن:

علوم القرآن پر درج ذیل سافٹ ویئر بہت معروف ہیں:

(۱) مکتبۃ التفسیر و علوم القرآن

(۲) مکتبۃ القرآن الکریم

(۳) اعراب القرآن وغیرہ۔

(اخبار تحقیق، اسلام آباد اپریل۔ جون ۲۰۰۳ء)

مولانا مودودیؒ کی "تفہیم القرآن" آن لائن پر:

باب الحرمین جدہ میں مقیم ہندوستانی باشندوں کی ایک دینی تنظیم AIPS (الاسلامک پروپیگیشن سوسائٹی) نے اسلام کے بارے میں پھیلائی گئی غلط فہمیوں اور گمراہ کن معلومات کے ازالے اور قرآن وحدیث کی روشنی میں مستند معلومات مہیا کرنے کی خاطر اپنی نوعیت کا پہلا دیب سائٹ لانچ کیا ہے۔

"httpl//:www,al-Islam for all.org نامی اس ویب سائٹ کی خاص بات یہ ہے کہ اس پر پہلی مرتبہ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ کی تفسیر تفہیم القرآن پیش کر دی گئی ہے۔

کچھ عرصہ قبل اس ویب سائٹ کی رسم افتتاح مولانا حبیب الرحمٰن نے انجام دی۔ اس موقع پر مولانا نے اپنے مختصر خطاب میں مسلم نوجوانوں بالخصوص انفارمیشن ٹیکنالوجی سے واقف کار نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ عصر حاضر کے اس نہایت کارآمد وسیلے کو بروئے کار لاکر اسلام کے بارے میں اسلام دشمنوں کی دیدہ و

دانستہ پھیلائی گئی غلط باتوں کی تکذیب کریں اور غیر مسلموں کے سامنے دین حنیف کی تصویر پیش کریں۔

اس ویب سائٹ پر پیش کردہ مواد مختلف موضوعات کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ اس میں حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر خاتم النبین ﷺ کی حیات طیبہ کے مختلف ادوار اور اس کے فیوض و برکات پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

اسی ویب سائٹ میں ''Kids'' کے زیر عنوان، قرآن کریم اور اسلامی تاریخ سے منتخبہ بہت ساری سبق آموز کہانیاں درج ہیں۔ اس ویب سائٹ پر اب تک ۸۰ دینی کتب اپ لوڈ کی جا چکی ہیں اور مزید اپ لوڈ کی جائیں گی۔

(سہ روزہ دعوت، نئی دہلی، ۷رجنوری ۲۰۰۳ء)

جرمن زبان میں قرآن کریم کا نیا ترجمہ:

جرمن زبان میں قرآن مجید کے کئی ترجمے موجود ہیں۔ لیکن مرکز اسلامی (P.O.Box1008 10-5200,Aachen,Germany) نے علمی نہج کے ایک نئے ترجمے کی ضرورت محسوس کی اور عبداللہ صامت بو.نہایم اور ڈاکٹر ندیم عطاس الیاس کے سپرد یہ اہم کام کیا، مخلص کام کرنے والوں کی ایک جماعت نے یہ مبارک کام بڑی مستقل مزاجی سے پایۂ تکمیل کو پہنچایا۔ اعلیٰ معیار کی طباعت اور وسیع پیمانہ پر نشر و اشاعت کے لئے یہ قیمتی ترجمہ مجمع الملك فهدلطباعة القرآن الكريم، المدينة المنورة کے سپرد ہوا، اس نے اپنے ماہرین کی طرف سے ترجمہ کی صحت کا اطمینان کر کے اس کی طباعت کا کام مکمل کر دیا۔ ضرورت مند حضرات درج بالا پتوں میں سے کسی ایک سے طلب فرما سکتے ہیں۔

(ماہنامہ الرائد، آخن جرمنی شمارہ نمبر ۲۴۰، جنوری ۲۰۰۳ء صفحہ ۴۵)